Rampur State Gazette.

EXTRAORDINARY.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۳ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۶ رجب المرجب ۱۳۵۸ھ مطابق ۲ ستمبر ۱۹۳۹ء جلد ۱۵

غیر معمولی گزٹ

روبکار اجلاس ہمایوں اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مورخہ ۲ ستمبر ۱۹۳۹ء

آرڈیننس نمبر ۱ سنہ ۱۹۳۹ء ریاست رامپور

ہرگاہ کہ بین الاقوامی و مقامی حالات کی بنا پر اس امر کی شدید اور قوی ضرورت ہے کہ گورنمنٹ رامپور اور اس کے افسران کو امن و امان قائم رکھنے کے لئے مخصوص اختیارات عطا فرمائے جائیں۔ اور جو ہڑتال بد امنی اور اختلال آسائش عامہ شہر رامپور میں چند روز سے جاری ہے۔ اس کا فوراً خاتمہ کیا جائے۔ لہٰذا بدولت و اقبال حسب ذیل احکام صادر فرماتے ہیں:۔

(۱) جو دکاندار، صاحب چیف مجسٹریٹ بہادر کے حکم کے باوجود وقت مقررہ تک اپنی دکان کھول کر حسب معمول کاروبار شروع نہ کر دے تو اسکی اور اسکی دکان اور اسکی دکان کے اثاثہ کے متعلق صاحب چیف مجسٹریٹ بہادر جو حکم برائے حصول مقصد

آرڈیننس ہذا مناسب خیال کریں، صادر کر سکتے ہیں۔ اور اس کے اثاثہ دکان کی ضبطی کر سکتے ہیں۔ اور ہر ممکن ذریعہ اپنے احکام کی تعمیل کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔

(۲) ان احکام کے خلاف کسی عدالت کو بجز اجلاس ہمایوں اختیار سماعت و دادرسی نہ ہوگا۔

(۳) جملہ ملازمان ریاست پر ان تمام احکامات کی جو اس آرڈیننس کے ماتحت صاحب چیف مجسٹریٹ بہادر جاری کریں، پابندی لازم ہوگی۔

(۴) کوئی افسر یا ملازم ریاست جو تحت دفعہ (۲) آرڈیننس ہذا کوئی کارروائی کرے وہ اس کے سلسلہ میں عدالتہائے فوجداری و دیوانی کے مواخذہ سے بری الذمہ متصور ہوگا۔ اور کسی عدالت کو بجز اجلاس ہمایوں اس کے متعلق اختیار سماعت نہ ہوگا۔

(۵) کوئی شخص جو اس حکم کی جو اس آرڈیننس کے تحت دیا جائے، پابندی نہ کرے، یا اس شخص، یا ملازم سرکار سے، جو اس آرڈیننس کے تحت کوئی حکم بجا لا رہا ہو، مزاحم ہو تو صاحب چیف مجسٹریٹ بہادر اس کو دو سال تک کی قید سخت مع ایک ہزار روپے تک کے جرمانہ کی سزا بصیغہ سرسری دے سکتے ہیں۔ جس کی اپیل یا دادرسی صرف اجلاس ہمایوں میں ہو سکتی ہے۔

(۶) جرائم بسلسلہ خلاف ورزی آرڈیننس ہذا ناقابل ضمانت اور قابل دست اندازی پولیس ہوں گے۔

(۷) یہ آرڈیننس تاریخ اشاعت حکم سے دو ماہ تک نفاذ پذیر رہے گا۔ اگر مناسب خیال کریں تو اس کی توسیع کا حکم صادر کریں گے۔

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم